NHS England

تشہیری مواد

# شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ کی سکریننگ (AAA)، زائد العمر یا 65 سال کے مردوں کے لیے مفت سکریننگ۔

اپ ڈیٹ کردہ 28 July 2022

مشمولات


1. مختصر جائزہ
2. ہم کس کو سکرین کرتے ہیں
3. شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ
4. شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ یعنی ایبڈومنل آؤرٹِک اینیوریِم کے ممکنہ خطرت
5. سکرینِنگ کے فوائد
6. خطرے کے عوامل
7. AAA سکرینِنگ ٹیسٹ
8. آپ کی ذاتی معلومات
9. سکرینِنگ کے ممکنہ نتائج
10. سکرینِنگ سے خطرات
11. دیگر کیفیات
12. سکرینِنگ ٹیسٹ درستی
13. مزید معلومات




Crown copyright 2022 ©

یہ پبلیکیشن اوپن گورنمنٹ لائسنس v3.0 کے تحت لائسنس یافتہ ہے سوائے اس کے جو بصورت دیگر بیان کردہ ہے۔ لائسنس دیکھنے کے لیے، nationalarchives.gov.uk/doc/open-government-licence/version/3 کو ملاحظہ کریں یا معلوماتی پالیسی کی ٹیم، قومی آرکائیوز، کیو، لندن TW9 4DUپر پیغام بھیجیں، یا یہاں ای میل کریں: psi@nationalarchives.gov.uk.

جہاں ہم کسی فریق ثالث کی کاپی رائٹ معلومات کی شناخت کی ہو آپ کو متعلقہ کاپی رائٹ ہولڈرز سے اجازت لینے کی ضرورت ہو گی۔


یہ پبلیکیشن https://www.gov.uk/government/publications/abdominal-aortic-aneurysm-screening-invitation-leaflet/b9f95911-e6a5-4675-a1f3-dd620e4cf052 پر دستیاب ہے

پبلک ہیلتھ انگلینڈ (PHE) نے یہ کتابچہ NHS کی جانب سے تیار کیا ہے۔ اِن معلومات میں حرف 'ہم' سے مراد NHS سروس ہے جو کہ سکریننگ مہیا کرتی ہے۔




ایک مرد کے اُوپری دھڑ کا ڈایاگرام جس میں چھاتی، دل، بڑی شریان شریانی پھیلاؤ کے ساتھ اور شکم دکھایا گیا ہے۔

# 1. مختصر جائزہ

یہ ورقچہ 65 سال یا زائد عمر کے مردوں کے لیے شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ کی سکریننگ (AAA سکریننگ بھی کہلاتی ہے)

یہ وضاحت کرتا ہے کہ شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ (AAA) کیا ہے اور جب آپ سکریننگ کے لیے جاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے۔ اسے فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کرنی چاہئیے آیا آپ سکرین ہونا چاہتے ہیں ۔

AAA سکریننگ چیک ایک سادہ الٹرا ساؤنڈ سکین ہے

# 2. ہم کس کو سکرین کرتے ہیں

NHS تمام مردوں کو اُس سال سکریننگ کے لیے دعوت دیتا ہے جب وہ 65 برس کے ہو جاتے ہیں۔

##65 سے بڑے مرد


65 برس سے زائد عمر کے مرد جو پہلے سکرین شدہ نہیں ہیں اپنی مقامی سروس سے ٹیسٹ کا بندوبست کرنے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## 3. شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ

بڑی شریان مرکزی خون کی شریان ہے جو آپ کے جسم کو خون بہم پہنچاتی ہے۔ یہ آپ کے دل سے نکلتی ہے اور نیچے چھاتی کے راستے شکم تک جاتی ہے۔

بعض لوگوں میں، جیسے جیسے وہ عمر رسیدہ ہو جاتے ہیں، شکم میں بڑی شریان کی دیوار کمزور ہو سکتی ہے۔ یہ پھر پھیلنا شروع ہو سکتی ہے اور شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔

یہ کیفیت 65 برس اور زائد عمر کے مردوں میں بہت عام ہے۔




شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ یعنی ایبڈومنل آؤرٹِک اینیوریئم کی پیدائش۔ مرد کے اُوپری دھڑ کے دو ڈایاگرام، جن میں پہلا معمول کی شکمی شریان دکھا رہا ہے اور دوسرا بڑی شریان شریانی پھیلاؤ کے ساتھ دکھا رہا ہے

## 4. شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ یعنی ایبڈومنل آؤرٹِک اینیوریئم کے ممکنہ خطرت

بڑا شریانی پھیلاؤ کمیاب ہے لیکن بہت سنگین ہو سکتا ہے۔ جیسے جیسے بڑی شریان کی دیوار پھیلتی ہے یہ کمزور ہو جاتی ہے اور پھٹ سکتی ہے، اندرونی طور پر خون بہنے کا باعث ہو سکتی ہے۔ جب شریانی پھیلاؤ پھٹتا ہے تو 100 افراد میں سے تقریباً 85 مر جاتے ہیں۔

بڑی شریان جو معمول کی نسبت صرف معمولی طور پر بڑی ہو خطرناک نہیں ہے۔ تاہم اگر بڑی شریان 3 تا 5.4 سنٹی میٹر سے زیادہ ہو تو یہ اہم امر ہے کہ ہم یہ دیکھنے کے لیے اِس پر نطر رکھیں کہ کہیں یہ بڑا تو نہیں ہو رہا۔

# 5. سکریننگ کے فوائد

اگر آپ کو شریانی پھیلاؤ رکھتے ہے تو آپ عموماً کسی بھی علامات کو نوٹس نہیں کریں گے۔ اس کا مطلب ہے آپ نہیں بتا سکتے کہ آیا آپ کو یہ بیماری ہے، کوئی درد محسوس نہیں کریں گے اور شائد کوئی چیز مختلف نوٹس نہیں کریں گے۔

ہم سکریننگ کی پیشکش کرتے ہیں تاکہ ہم شریانی پھیلاؤ پہلے معلوم کر سکیں اور نگرانی کر سکیں یا ان کا علاج کر سکیں۔ یہ شریانی پھیلاؤ کے باعث سنگین مسائل کے امکانات کو بہت زیادہ کم کرتا ہے۔

اگر آپ کو شریانی پھیلاؤ ہے تو معلوم کرنے کا آسان ترین طریقہ ہے کہ آپ اپنے شکم کا الٹراساؤنڈ سکین کروائیں۔

92 مردوں میں سے تقریباً 1 جن کی شکمی بڑی شریان سے متعلق سکرین کی گئی ہو کو شریانی پھیلاؤ ہوتا ہے۔

# 6. خطرے کے عوامل

خواتین کی نسبت مردوں میں شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ 6 گنا زیادہ ہوتا ہے جس وجہ سے خواتین کو سکریننگ کی پیشکش نہیں کی جاتی ہے۔ شریانی پھیلاؤ ہونے کا امکان عمر کے ساتھ بڑھتا ہے۔

آپ کا شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ ہونے کا امکان بھی بڑھ سکتا ہے اگر:

*آپ تمباکو نوش ہیں یا کبھی رہے ہیں *آپ کو بلند فِشارِ خون ہے *آپ کے بھائی، بہن یا والدین کو شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ ہے یا تھا

# 7. AAA سکریننگ ٹیسٹ

ہم ایک سادہ الٹرا ساؤنڈ سکین استعمال کرتے ہیں، ویسا ہی جو حاملہ خواتین کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ بہت تیز ہے اور اِس میں عموماً 10 منٹ سے بھی کم لگتے ہیں۔

کلینک پر ہم آپ کی ذاتی تفصیلات چیک کریں گے، سکین کی وضاحت کریں گے اور کوئی بھی سوالات پوچھنے کا موقع آپ کو دیں گے۔

ہم آپ کو لیٹنے کے لیے کہیں گے اور آپ کی قمیض اوپر اٹھائیں گے یا اس کے بٹن کھولیں گے۔ آپ کو لباس اتارنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ ہم آپ کے شکم پر ٹھنڈی جیل لگائیں گے۔

پھر ہم آپ کی جِلد کے اوپر سکیننگ سنسر سرکائیں گے۔ سکین سکرین پر بڑی شریان کی تصویر دکھائے گا اور ہم اس کی پیمائش کریں گے۔

ہم آپ کو اسی وقت آپ کا نتیجہ بتائیں گے اور آپ کے جی پی پریکٹس کو ایک نقل بھیجیں گے۔.

## 8. آپ کی ذاتی معلومات

این ایچ ایس کی (AAA) سکریننگ پروگرام کو محفوظ اور موثر سروس مہیا کرنے کے لیے آپ کے ڈیٹا کو پراسس کرنے کی ضرورت ہے۔

قانوناً، این ایچ ایس میں، یا بطور ان کے نمائندے کے، کام کرنے والے ہر فرد پر لازم ہے کہ آپ کی رازداری کا احترام کرے اور آپ سے متعلق تمام معلومات کو حفاظت سے رکھے۔ این ایچ ایس کے آئین میں صراحت موجود ہے کہ این ایچ ایس کو آپ کی پرائویسی کے پیش نظر آپ سے متعلق معلومات کو کس طرح سنبھالنا ہے۔ اس کے علاوہ رازداری کو قائم رکھنے کے لئے قوانین موجود ہیں۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کو صحیح وقت پر سکریننگ کے لیے بلایا جائے، این ایچ ایس کا سکریننگ پروگرام آپ کے بارے میں ذاتی طور پر قابلِ شناخت معلومات استعمال کرتا ہے۔ پبلک ہیلتھ انگلینڈ بھی آپ کی معلومات استعمال کرتا ہے تاکہ یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کو اعلیٰ معیار کی کیئر دستیاب ہو۔ مزید معلوم کریں کہ کیسے آپ کے بارے میں معلومات استعمال اور محفوظ کی جاتی ہے، اور آپ کی آپشنز (https://www.gov.uk/phe/screening-data)

جانیئے کہ کیسے سکریننگ نہ کروانے کا انتخاب کرنا ہے (https://www.gov.uk/phe/screening-opt-out)

## 9. سکریننگ کے ممکنہ نتائج

4 ممکنہ نتائج ہیں: 1. شریانی پھیلاؤ نہیں ملا 2. تھوڑا شریانی پھیلاؤ 3. درمیانہ شریانی پھیلاؤ 4. بڑا شریانی پھیلاؤ

### 9.1 شریانی پھیلاؤ نہیں ملا

اگر آپ کی بڑی شریان 3 سنٹی میٹر سے کم چوڑی ہے، اس کا مطلب ہے آپ کو شریانی پھیلاؤ نہیں ہے۔ زیادہ تر مردوں کا یہ نتیجہ ہوتا ہے۔ بعد میں کوئی علاج یا نگرانی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم آپ کو دوبارہ AAA سکریننگ کے لیے دعوت نہیں دیں گے۔

### 9.2 تھوڑا شریانی پھیلاؤ

اگر آپ کی بڑی شریان 3 سنٹی میٹر اور 4.4 سنٹی میٹر کے درمیان چوڑی ہے، تو آپ کو تھوڑا سا شریانی پھیلاؤ ہے۔ ہم تھوڑے شریانی پھیلاؤ والے مردوں کو چیک کرنے کے لیے ہر 12 ماہ بعد سکینز کے لیے پھر دعوت دیتے ہیں کہ آیا یہ بڑا ہو رہا ہے۔

### 9.3 درمیانہ شریانی پھیلاؤ

اگر آپ کی بڑی شریان 4.5 سنٹی میٹر اور 5.4 سنٹی میٹر کے درمیان چوڑی ہے، تو آپ کو درمیانہ شریانی پھیلاؤ ہے۔ ہم درمیانے شریانی پھیلاؤ والے مردوں کو چیک کرنے کے لیے ہر 3 ماہ بعد سکینز کے لیے پھر دعوت دیتے ہیں کہ آیا یہ بڑا ہو رہا ہے۔

### 9.4 بڑا شریانی پھیلاؤ

اگر آپ کی بڑی شریان 5.5 سنٹی میٹر چوڑی یا بڑی ہے، تو آپ کو بڑا شریانی پھیلاؤ ہے۔ سکرین کیے جانے والے 1000 مردوں میں سے صرف تقریباً 1 میں بڑا شریانی پھیلاؤ ہوتا ہے۔ ہم بڑے شریانی پھیلاؤ والے مردوں کو مزید سکینز کرنے اور ممکنہ علاج، عموماً کوئی آپریشن، کے متعلق بات کرنے کے لیے ایک ماہرین کی ٹیم کے ساتھ اپائنٹمنٹ دیتے ہیں۔

### 9.5 چھوٹے یا درمیانہ شریانی پھیلاؤ کی نگرانی کرنا

اگر آپ میں چھوٹا یا درمیانہ شریانی پھیلاؤ ہے تو آپ کو اس مرحلے پر علاج کی ضرورت نہیں ہو گی۔ تاہم، شریانی پھیلاؤ کے سائز کی نگرانی کرنا اہم ہے کیونکہ اگر یہ بڑا ہوجائے تو آپ کو علاج کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ زیادہ تر شریانی پھیلاؤ بہت آہستہ بڑا ہوتا ہے، لہٰذا چھوٹے یا درمیانے شریانی پھیلاؤ والے مردوں کو علاج کی کبھی ضرورت نہیں ہو گی۔

اگر آپ کو چھوٹا شریانی پھیلاؤ ہو تو ہم آپ کو ہر سال سکینز کے لیے پھر آنے کی دعوت دیں گے یا ہر 3 ماہ بعد اگر آپ کو درمیانہ شریانی پھیلاؤ ہو تو۔

ہم آپ کو شریانی پھیلاؤ کے بڑے ہونے کے امکان کو کم کرنے کے بارے میں مشورہ دیں گے۔ آپ کا جی پی پریکٹس ممکن ہے آپ کو گولیاں بھی دینا چاہے یا آپ کی حالیہ دوا پر نظر ثانی کرنا چاہے۔ وہ ممکن ہے آپ کا فشارِ خون بھی چیک کرنا چاہیں۔

### 9.6 بڑ شریانی پھیلاؤ کا علاج کرنا

اگر ہم بڑا شریانی پھیلاؤ تلاش کرلیں ، تو ہم آپ کو ماہرین کی ٹیم کے پاس بھجوائیں گے۔ وہ کچھ مزید ٹیسٹ کریں گے اور ایک ماہر آپ کے ساتھ ممکنہ علاج پر گفتگو کرے گا۔ یہ عام طور پر ایک آپریشن ہوتا ہے، اگر آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ یہ چاہتے ہیں تو عموماً چند ہفتوں کے اندر اِس کا بندوبست کیا جاتا ہے۔

اس وقت کے دوران جب ایک بڑا AAA بلا علاج رہے، تو ممکن ہے کہ آپ کو ڈرائیونگ ترک کرنے اور صحت سے متعلق انشورنس چیک کرنے کی ضرورت ہو، جیسے سفر کی انشورنس۔

شریانی پھیلاؤ کے لیے علاج جو سکریننگ استعمال کرتے ہوئے دریافت کیے گئے ہیں عموماً بہت مؤثر ہیں۔ علاج میں خطرات ہیں جن کی ماہر کی طرف سے تفصیل میں وضاحت کی جائے گی۔

بڑے شریانی پھیلاؤ والے ہر شخص کا آپریشن نہیں ہو گا۔

## 10. سکریننگ سے خطرات

بذاتِ خود سکین سے کوئی خطرہ نہیں۔

تاہم، سکرین کئے گئے ہر 10،000 مردوں میں سے تقریباً 41 کے شریانی پھیلاؤ کی مرمت کرنے کے لیے بالآخر سرجری کرنی ہو گی۔ اوسطاً، 41 مردوں میں سے 1 آپریشن کے بعد زندہ نہیں بچے گا لیکن ممکن ہے کہ ان کا شریانی پھیلاؤ کبھی نہ پھٹتا اگر اِسے بلا علاج چھوڑ دیا جاتا۔

سکریننگ شریانی پھیلاؤ کے پھٹنے کے خطرے کو مکمل طور پر ختم نہیں کرتی ہے لیکن اس کیفیت کے خلاف تحفظ کا یہ بہترین طریقہ ہے۔۔

## 11. دیگر کیفیات

سکریننگ صرف دیکھنے کے لیے ہے آیا آپ کو شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ ہے یا نہیں۔ یہ دیگر کیفیات کو تلاش نہیں کرتی ہے۔ اگر آپ کسی طبی مسئلے کے متعلق پریشان ہیں تو آپ کو اپنے جی پی پریکٹس سے بات کرنی چاہئیے۔

## 12. سکریننگ ٹیسٹ درستی

شریانی پھیلاؤ معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا سکین بہت قابل بھروسہ ہے۔ کوئی سکریننگ ٹیسٹ مکمل طور پر مؤثر نہیں ہو سکتا ہے لیکن یہ کسی مرد کے لیے بہت غیر معمولی ہے جس کا عام نتیجہ آیا ہو کہ اس میں بڑا شریانی پھیلاؤ نمو پائے۔

بعض اوقات سکین کرنے والا شخص بڑی شریان واضح طور پر دیکھنے کے قابل نہیں ہو گا۔ اس میں پریشان ہونے والی کوئی بات نہیں ہے اور وہ آپ کو ایک اور سکین کروانے کا کہیں گے، عموماً ایک مختلف دن پر۔

## 13. مزید معلومات

$CTA اگر آپ کو سکریننگ کی دعوت دی گئی ہے، آپ کی مقامی سکریننگ سروس کے لیے فون نمبر آپ کے اپائنٹمنٹ لیٹر پر ہے۔

اپنی مقامی AAA کی سکریننگ کے لیے رابطہ تفصیلات تلاش کریں۔ (/https://www.nhs.uk/conditions/abdominal-aortic-aneurysm-screening)

دی سرکولیشن فونڈیشن (/http://www.circulationfoundation.org.uk) اور دی برٹش ہارٹ فونڈیش (https://www.bhf.org.uk) رگوں اور شریانوں کی بیماریوں، جو بطور خونی رگوں کی بیماریاں جانی جاتی ہیں، میں مبتلا افراد کی مدد کرتے ہیں بشمول شکمی بڑی شریان سے متعلق شریانی پھیلاؤ کے۔

آپ اپنے جی پی پریکٹس سے بھی بات کر سکتے ہیں۔ $CTA

↑ Back to top

OGL

All content is available under the Open Government Licence v3.0, except where otherwise stated

© Crown copyright